صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۰ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۵ جمادی الاوّل ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۵ جولائی ۱۹۳۶ء جلد ۲۳

حصۂ اوّل

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر	مضمون	صفحہ	نمبر	مضمون	صفحہ
۱	منظوری ایزادی قاعدہ تحت نمبر ۱۹ و ۲۰ قانون نظام عدالت ہائے ریاست [illegible] تحت	۲	۴	منظوری توسیع بمدت ملازمت ملازمان فوج	۳ تا ۵
۲	اضافہ تنخواہ منشی [illegible] تحصیلدار [illegible] منشی افتخار احمد نائب تحصیلدار سوار	۳،۴	۵	اخراج اسم از تاریخ انتقال کیڈیٹ حامد علی خاں [illegible]	۶
۳	منظوری ضبطی تنخواہ کپتان مشکور علیخاں اے ڈی سی (بوجہ غیر حاضری)	۳	۶	توسیع زمانہ رخصت [illegible]	//

آرڈرز آن اسٹیٹ کونسل رامپور

نمبر	مضمون	صفحہ	نمبر	مضمون	صفحہ
۱	منظوری توسیع بمدت ملازمت مسمی روپ چند [illegible] پلانٹ	۷	۵	منظوری تقرر [illegible] کانپور بعہدہ اگریکلچرل اسسٹنٹ	۹
۲	ترمیم [illegible] مڈل اسکول	۸			
۳	تقرر عارضی [illegible] سینیٹری انسپکٹر	۹	۶	منظوری تقرر ڈاکٹر ایس۔ این۔ واسطی صاحب ایم۔ بی۔ بی۔ ایس (پنجاب) ڈی۔ پی۔ ایچ (لندن) ڈی۔ ٹی۔ ایم (لندن) بعہدہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر	۱۰
۴	برقراری سلسلۂ ملازمت منشی ممتاز علیخاں تحصیلدار حضور تحصیل و منشی سید آل حسن صاحب تحصیلدار بلاسپور	//			

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- (مسودہ مرتب)　　داخ ۱۵ر جولائی ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

بعد راحت رپورٹ تا حصول کی منظوری دی جاتی ہے کاغذات برائے کارروائی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض　　　　　　بیرسانند

جناب عالی

سلسلہ روبکار اجلاس ہمایوں مقررہ ۲۰ر جولائی ۱۹۳۶ء قانون نظام عدالت العالیہ ہائی کورٹ و عدالت ہائے ماتحت ریاست رامپور کی دفعہ ۱۹ ع ۳ کے تحت میں بطور الف۔ قاعدہ ذیل کی منظوری سے کونسل نے جلسہ منعقدہ ۹ر جولائی ۱۹۳۶ء میں اتفاق کیا ہے

الف۔ ممبران جوڈیشل کمیٹی میں سے اگر ایک ممبر کسی وجہ سے کمیٹی کے جلسہ میں شرکت نہ کر سکے تو بقیہ دو ممبر اتفاق رائے سے مقدمات کو فیصل کریں گے۔ بصورت اختلاف رائے ہر دو ممبران جس ممبر کی رائے تجویز ہائی کورٹ سے موافق ہو گی جوڈیشل کمیٹی کا وہی فیصلہ ہوگا۔"

اگرچہ اس بابت حکم ہمایوں ہو چکا ہے لیکن حرف ج دفعہ ۲۲ فرمان ہمایوں مصدرہ ۵ر دسمبر ۱۹۳۵ء میں بحالت ضرورت فوری کونسل کی متفقہ استدعا پیش ہونے پر اجلاس ہمایوں سے منظوری کا حوالہ درج ہے

لہذا التجی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ معلی سے حکم منظوری قاعدہ مذکور شرف نفاذ پائے۔ بعد منظوری حسب منشائے دفعہ مذکور کمیٹی واضع قوانین کے آئندہ جلسہ میں پیش کیا جائے گا۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۶ر جولائی ۱۹۳۶ء

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

بعد اجرائے احکام اصل کاغذات برائے پیشی کمیٹی واضع قوانین دفتر کونسل میں واپس کئے جاویں۔　　۱۸ر جولائی ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم　　(مسودہ)　　داخ ۱۵ر جولائی ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ منشی اختر حسین و منشی افتخار احمد کی تنخواہ دس دس روپیہ ماہوار اضافہ ۳ر اکتوبر ۱۹۳۵ء سے منظور ہے کاغذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض — معروضہ

جناب عالی

منشی اختر حسین و منشی امتیاز احمد سپرداران قانون گویان گورنمنٹ
مستعار الخدمت جن میں سے اول الذکر تحصیلداری ملک اور ثانی الذکر
تحصیل سوار میں نائب تحصیلداری کی خدمات انجام دے رہے ہیں
ایک ایک سو روپیہ ماہانہ تنخواہ ریاست میں پاتے تھے ۲۳ر اکتوبر ۱۹۳۵ء
سے مدت ملازمت میں ایک سال کی توسیع ہوئی ہے گورنمنٹ نے
ان کی موجودہ تنخواہوں میں دس دس روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ
مذکور سے دیا جانا منظور کیا ہے جس سے کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ
۸ر جولائی ۱۹۳۶ء میں اتفاق کیا ہے۔ بنا برآں ترقی تنخواہ متعلق
ہے کہ پیشگاہ عالی سے ہر دو افسران مندرجہ بالا کی موجودہ تنخواہوں
میں دس دس روپیہ ماہانہ اضافہ ۲۳ر اکتوبر ۱۹۳۵ء سے
دیئے جانے کی منظوری کا حکم شرف نفاذ پائے۔ بجٹ میں ماہانہ
اضافہ کی گنجائش ہے

زیادہ حد ادب — دولت و اقبال جاوید باد

(ترقی تنخواہ — دستخط عالیجناب صاحب چیف سکریٹری — معروضہ ۱۳ر جولائی ۱۹۳۶ء)

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام
ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔
اصل کاغذات بعد اجرائے احکام دار الانشاء بھیج دیئے جائیں
وہاں سے بعد عملدرآمد دفتر کونسل میں بھیجے جائیں۔

۱۸ر جولائی ۱۹۳۶ء

دستخط عالیجناب صاحب چیف سکریٹری

حکم

منظوری — ۱۸ر جولائی ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ۔ کپتان مشکور علیخاں ایڈی سی کی تنخواہ
سے تین یوم کی تنخواہ بوجہ غیر حاضری وضع کیجانیکی منظوری دیجاتی ہے
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض — جناب عالی — معروضہ

کپتان مشکور علیخاں صاحب ایڈی سی تین روز تک برابر ڈیوٹی
سے غیر حاضر رہے اور طلبی پر حاضر ہوئے بابت ترقی تنخواہ
ان ایام کی تنخواہ وضع ہونیکے لائق ہے امیدوار کہ پیشگاہ عالی
سے حکم وضعات تنخواہ تین یوم شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب دولت و اقبال جاوید باد

(تنخواہ — دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر — معروضہ ۱۸ر جولائی ۱۹۳۶ء)

حکم

منظوری — ۱۹ر جولائی ۱۹۳۶ء

حسب مراجعت رپورٹ۔ میجر جیکسن کمانڈنگ افسر گورکھا کمپنی
سوار غلام ناصر خلف مرزا بخش باڈی گارڈ۔ سپاہی کلرک
محمد شاہ خاں سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری اور نائیک سید کاظم حسین
تھرڈ رامپور رفعت انفنٹری کی ملازمت میں دو دو سال کی توسیع
منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

(دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

اعلیٰحضرت بندگانحضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعرض — جابجائی — میرساماں

بہ تعمیل احکام عالیہ رتبت مدار المہام صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲۰ اپریل ۱۹۳۲ء نمبر ۳ / ۲۱۹ و مورخہ ۱۰ مئی ۱۹۳۲ء نمبر ۲۴۱ فہرست چاکر یان ملازمان فوج جنکی عمر ساٹھ سال اور اس سے زیادہ ہے ہمرشتہ عرضداشت ہذا اجلاس ہمایوں میں پیش کر کے حسب ذیل عرض ہے۔

(۱) میجر بے کشن صاحب کمانڈنگ افسر گوارکھا کمپنی یہ اپنے کام میں مستعد اور ہوشیار ہیں اور سرکاری خیر خواہ ہیں۔ انکے متعلقہ ملازمان ان سے بہت خوش ہیں گو رکھا کمپنی کا کام اچھا کر رہے ہیں چونکہ لفٹنٹ کیشب دت ابھی کم عمر ہیں اس لئے ان کا ملازم رہنا ضرور معلوم ہوتا ہے۔

(۲) سوار غلام ناصر خاں ہز ہائینس باڈی گارڈ۔ یہ شخص گراس فارم میں تعینات ہے اس کام میں بہت ہوشیار اور تجربہ کار ہے اسی کام کیواسطے یہ دوبارہ ملازم رکھا گیا ہے جسکی بابت افسر متعلقہ اسکو بدستور ملازم رکھنے کا مستحق ہے۔

(۳) ایپائی کلرک محمد شاہجہان سکندر بیورقی انفینٹری۔ یہ شخص عرصہ دراز سے محافظ دفتری کارجسٹ کے کام پر تعینات ہے اور لین دین روپیہ کا کام بھی بہ امانت داری کرتا ہے۔ یعنی (خزانہ سے روپیہ لانا اور داخل کرنا) کمانڈنگ افسر صاحب موصوف نے اسکے نہایت قابل تحسین ظاہر کر کے اسکی ملازمت میں توسیع کی خواہش کی ہے۔

(۴) نائیک سید کلیم حسین ہز ہائینس رامپور انفنٹری۔ یہ شخص نہایت محنتی اور جفاکش ہے کمانڈنگ افسر صاحب ہز ہائینس رامپور انفنٹری کو اسکی خدمت کی ضرورت ہے یہ شخص باز ملازم رکھا گیا ہے۔ بوجوہات متذکرہ بالا نہایت ادب سے ملتجی ہوں کہ از راہ فیض گستری حسب مندرجہ دفعہ ۲ (قانون پنشن) ہر چہار کس مذکورہ کو دو دو سال اور ملازم رہنے کی پیشگاہ ہمایوں سے منظوری مرحمت فرمائی جائے تو باعث پرورش اسلامی کا متصور ہے

واجب عرض تھا آفتاب دولت و اقبال تاباں و درخشاں باد

عرضی مورخہ ۱۶ ماہ جون ۱۹۳۲ء

محمد نیم محمود دستخط مالیجاہ بحیرت صاحب ارمی منسٹر بہادر

سہ روز شنبہ ۱۴ ماہ جولائی [illegible]

نقل فہرست ملازمان فوج جن کی عمر ۵۵ سال یا اس سے زیادہ اور مدت ملازمت ۳۰ سال یا اس سے زیادہ ہے جن کی مدت ملازمت میں توسیع ہو نیکی گورنمنٹ رامپور سے استدعا ہے -

نمبر شمار	نام رجمنٹ	نمبر رجمنٹ	عہدہ	نام معہ ولدیت	تعداد تنخواہ	مدت ملازمت	عمر	
۱	گورکھا کمپنی		میجر	جیکشن صاحب	[illegible]	۳۲ سال	[illegible] سال	
۲	ہز ہائینس باڈی گارڈ		سوار	غلام ناصر خاں ولد غلام قادر خاں	[illegible]	۷ سال	۶۸ سال	یہ شخص دوبارہ ملازم ہوا ہے
۴	سکنڈ رامپور نقی انفنٹری		سپاہی کلرک	محمد شجاعت اللہ ولد محمد شفاعت اللہ	[illegible]	۲۸ سال	۶۵ سال	
۳	تھرڈ رامپور رفیوٹ انفنٹری		نائیک	سید کاظم حسین ولد سید محمد عسکری	[illegible]	۱۴ سال	۶۳ سال	یہ شخص دوبارہ ملازم ہوا ہے

دستخط عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر

حکم

سوری — ۱۹ جولائی ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ کیڈیٹ حامد علیخاں کا تاریخ انتقال سے خارج کیا جائے سررشتہ ہائے متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض — جناب عالی — میرساند

نہایت رنج و افسوس کے ساتھ حضور انور کو اطلاع دیجاتی ہے کہ کل کیڈیٹ حامد علیخاں کا انتقال ہوگیا ہے۔ دوپہر بعد تقریباً ساڑھے چار بجے ایک چھوٹا سا کنڈہ جو ... ہے اس میں داخل ہوتے ہی ڈوب گئے مصنوعی تنفس جاری رکھے جانیکی ترکیبیں لفٹننٹ کرنل نوبیتی صاحب بہادر و ڈاکٹر احمد شہید صاحب نے دو گھنٹہ تک جاری رکھیں لیکن ہر ترکیب قاصر رہی

کیڈیٹ مذکور کو اسی روز مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ ساڑھے ۹ بجے شام کو دفن کردیا گیا فقط

الٰہی آفتاب دولت و اقبال تابان و درخشاں باد

عرض فدوی — دستخط عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر — محررہ ۱۸ جولائی ۱۹۳۶ء

روبکار

(سوری) — واقع ۲۱ جولائی ۱۹۳۶ء

عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔

عالیمرتبت مسٹر سائمن صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کی رخصت تین ماہ بحکم ۸ فروری ۱۹۳۶ء منظور ہوئی تھی جو ۸ اگست ۱۹۳۶ء کو ختم ہوتی ہے۔ ان کو یہ بھی اجازت دی گئی تھی کہ بصورت عدم صحت رخصت میں دو ماہ کی توسیع کراسکتے ہیں۔ اب انہوں نے تحریر کیا ہے کہ وہ ابھی نرسنگ ہوم میں ہیں اور رخصت میں دو ماہ کی توسیع کی ضرورت ہے لہذا حسب استدعائے عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر رخصت سابقہ میں دو ماہ کی توسیع منظور ہے کام کا انتظام بدستور حسب منشائے روبکار ۸ فروری ۱۹۳۶ء رہے گا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا معہ عرضداشت برائے کارروائی اجرائے احکام عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

ایک نقل درج گزٹ کیجائے

دستخط اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ ہائے احکام ضابطہ جاری ہوں بعد اجرائے احکام کاغذات واپس دارالانشاء کئے جائیں۔

۲۳ جولائی ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل
واقع ۲۲ جولائی ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۲ جولائی ۳۶ء میں کاغذات توسیع مدت ملازمت مسمی روپ چند سپروائزر ایرکنڈیشن پلانٹ از یکم اپریل ۱۹۳۶ء تا آخر مارچ ۱۹۳۷ء پیش ہوکر طے پایا کہ۔

حسب اتفاق میمبر فائنانس روپ چند سپروائزر ایرکنڈیشن پلانٹ مشاہرہ ۱۰۰ روپیہ کی مدت ملازمت یکم اپریل ۱۹۳۶ء سے آخر مارچ ۱۹۳۷ء تک توسیع منظور کیجاتی ہے عالیمرتبت صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر اس آسامی کیلئے کسی مقامی شخص کے ٹریننگ کا جلد انتظام فرمائیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو بعد اجرائے احکام اصل کاغذات دفتر کونسل میں واپس کئے جائیں محافظخانہ کی مشمولہ مثلیں واپس کیجائیں

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل
واقع ۲۲ جولائی ۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۲ جولائی ۳۶ء میں تجویز عالیمرتبت صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر بابتہ ترمیم عملہ نور محل اسکول جسکی رو سے تعداد ملازمان میں ایک اسم کا اضافہ ہے اور [illegible] کی بچت رہتی ہے پیش ہوکر طے پایا کہ۔

حسب اتفاق میمبر فائنانس ترمیم عملہ نور محل اسکول کی منظوری بموجب صراحت فہرست منسلکہ دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر ہٰذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام ضابطہ عالیمرتبت صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو بعد کارروائی اصل کاغذات دفتر کونسل میں واپس کیجائیں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

(دستخط صاحب سکرٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)

ذریعہ روبکار جداگانہ تجدیدی حکم ملازمان کے تقرر کا جاری ہو کاغذات ہٰذا بغرض اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۲۳ جولائی ۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر

فہرست منظور شدہ بجٹ

جدید منظور شدہ	تنخواہ برائے نو ماہ از یکم جولائی ۳۶ء تا آخر مارچ ۱۹۳۷ء
سات اسم فی [illegible]	[illegible]
ہیڈ ماسٹر یک اسم فی [illegible]	[illegible]
مولوی یک اسم فی [illegible]	[illegible]
کلرک یک اسم فی [illegible]	[illegible]
ڈرائنگ ماسٹر یک اسم فی [illegible]	[illegible]
سقہ یک اسم فی [illegible]	[illegible]
خاکروب یک اسم فی [illegible]	[illegible]
چوکیدار یک اسم فی [illegible]	[illegible]
دفتری یک اسم فی [illegible]	[illegible]
وظائف طلبا [illegible] ماہوار	[illegible]
الاؤنس ہیڈ ماسٹر [illegible] ماہوار	[illegible]
دو چپراسی فی [illegible]	[illegible]
	[illegible]

مجوزہ ہائی اسکول

یک اسم فی [illegible]	[illegible]
" فی [illegible]	[illegible]
یک اسم فی [illegible]	[illegible]
	[illegible]

میزان کل

[illegible]

فہرست مرحمۂ منظوری مطلب

		تنخواہ برائے نو ماہ از یکم جولائی ۳۶ء تا آخر مارچ ۱۹۳۷ء
ہیڈ ماسٹر یک اسم تنخواہ [illegible] الاؤنس [illegible]	[illegible] ماہوار	[illegible]
ٹیچر دو اسم الیف اے ان ٹرینڈ	[illegible] فی کس	[illegible]
دو اسم ٹرینڈ اساتذہ	[illegible] فی کس	[illegible]
یک اسم ہائی اسکول ان ٹرینڈ ٹیچر	[illegible] فی	[illegible]
یک ڈرائنگ ماسٹر	[illegible]	[illegible]
دو استاد مبدلہ ہائی اسکول بجائے [illegible] کے [illegible] پائینگے کیونکہ ایک سے ٹی بی اور دوسرے الیف اے ان ٹرینڈ ہیں	فی [illegible]	[illegible]
ایک اسامی ٹرینڈ ٹیچر کی [illegible] ماہوار کی خالی ہے ضرورت محسوس ہوئی تو ٹرینڈ ورنہ ان ٹرینڈ جس قابلیت کا آدمی مناسب ہوا رکھ لیا جائیگا اور تنخواہ حسب قابلیت دیجائیگی	فی [illegible] برائے [illegible] ماہ از یکم اگست ۳۶ء	[illegible]
دو اسم مولوی	فی [illegible]	[illegible]
یک اسم منیڈمنٹ	فی [illegible]	[illegible]
یک اسم کلرک	فی [illegible]	[illegible]
یک اسم دفتری	فی [illegible]	[illegible]
دو اسم چپراسی	فی [illegible]	[illegible]
یک اسم چوکیدار	فی [illegible]	[illegible]
یک اسم سقہ	فی [illegible]	[illegible]
یک اسم کہار	فی [illegible]	[illegible]
یک اسم خاکروب	فی [illegible]	[illegible]
وظائف طلبار	[illegible] ماہوار	[illegible]
		[illegible]

آرڈرز ان اسٹیٹ کونسل :- واقع ۲۳ جولائی ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۲ جولائی ۱۹۳۶ء میں کاغذات تقرر عارضی عین الحسن خاں ڈپٹی سینیٹری انسپکٹر ساکن مراد آباد برائے ایک سال از یوم کارکردگی بمشاہرہ پچاس روپیہ بعہدہ سینیٹری انسپکٹر پیش ہو کر طے پایا کہ :-

حسب اتفاق ہائے سروسز سلکشن بورڈ و منسٹر فائنانس عین الحسن خاں ساکن مراد آباد کا تقرر عارضی ایک سال کیلئے یوم کارکردگی سے بمشاہرہ پچاس روپیہ بعہدہ سینیٹری انسپکٹر منظور کیا جاتا ہے۔ آسامی منظور شدہ بجٹ ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو بعد اجرائے احکام اصل کاغذات بترتیب مسل صدر سے دفتر کونسل میں واپس کئے جائیں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈرز ان اسٹیٹ کونسل :- واقع ۲۳ جولائی ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۲ جولائی ۱۹۳۶ء میں کاغذات بابت برقراری سلسلہ ملازمت منشی ممتاز علیخاں صاحب تحصیلدار حضور تحصیل و منشی سید آل حسن صاحب تحصیلدار بلاسپور پیش ہو کر واضح ہوا کہ :-

منشی ممتاز علیخاں صاحب کی ملازمت میں ۱۸ جولائی ۱۹۳۳ء لغایت ۱۷ جنوری ۱۹۳۵ء ایک سال چھ ماہ کا وقفہ ہے اور منشی آل حسن صاحب تحصیلدار کی ملازمت میں ۱۰ جولائی ۱۹۳۱ء لغایت ۱۳ جنوری ۱۹۳۵ء چار سال چھ ماہ کا وقفہ ہے لہذا حسب تجویز عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر و اتفاق محکمہ فائنانس طے پایا کہ :-

بمعافی وقفہ زائد از ایک سال حسب دفعہ (۲۹) قواعد پنشن ہر دو تحصیلدار صاحبان کا سلسلہ ملازمت سابقہ برقرار رکھا جانا منظور ہے۔ ایام علیحدگی کی تنخواہ نہیں دلائی جائے گی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے بعد اجرائے احکام و ترتیب مسل و قیدکی اصل کاغذات دفتر کونسل واپس کئے جائیں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈرز ان اسٹیٹ کونسل واقع ۲۳ جولائی ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۲ جولائی ۱۹۳۶ء میں کاغذات تقرر سید قمر الحسن باشندہ ضلع غیر (سند یافتہ ایگریکلچرل کالج کانپور) بعہدہ ایگریکلچرل اسسٹنٹ بمشاہرہ مبلغ ۳۵ (پینتیس روپیہ) پیش ہو کر طے پایا کہ :-

چونکہ رامپور میں اس قابلیت کا کوئی شخص دستیاب نہیں ہوا۔ لہذا حسب اتفاق سروسز سلکشن بورڈ و منسٹر فائنانس سید قمر الحسن باشندہ ضلع غیر کا تقرر بمشاہرہ مبلغ پینتیس روپیہ منظور ہے۔ بجٹ میں یہ آسامی پچاس روپیہ کی منظور شدہ ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام دفتر کونسل میں واپس کئے جائیں۔ فہرست و قیدکی وغیرہ کی تکمیل صدر سے کیجائے

دستخط عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر آف اسٹیٹ کونسل :-
مورخہ ۲۳ جولائی ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۳ جولائی ۱۹۳۶ء میں کاغذات تقرر ڈاکٹر ایس۔ این واسطی صاحب ایم۔ بی۔ بی۔ ایس۔ (پنجاب) ڈی۔ پی۔ ایچ۔ (لندن) ڈی۔ ٹی۔ ایم (لندن) باشندہ ضلع غیر بعہدۂ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر بشاہرہ دو سو پچاس روپیہ (۲۵۰) وسواری الاؤنس پچاس روپیہ ماہانہ از یوم کارکردگی امتحاناً برائے ایکسال پیش ہو کر طے پایا کہ۔

اس عہدہ کے واسطے مقامی شخص کی درخواست موصول نہ ہونے کے باعث حسب اتفاق سروسز سلیکشن بورڈ۔ ڈاکٹر ایس۔ این واسطی صاحب باشندہ ضلع غیر کا تقرر امتحاناً ایک سال کے واسطے یوم کارکردگی سے بشاہرہ۔ دو سو پچاس روپے (۲۵۰) وسواری الاؤنس پچاس روپیہ ماہانہ منظور شدہ بجٹ منظور کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔ بعد اجرائے احکام اصل کاغذات دفتر کونسل میں بعد ترتیب فہرست و تیدک ارسال کئے جائیں۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل